بسم اللہ الرحمن الرحیم

AHMADIYYA
MUSLIM COMMUNITY
United States of America

Wasaya Department
Ph: (301) 879-0110, Fax: (301) 879-0115
Email: national.wasiyyat@ahmadiyya.us

National Headquarters: Baitur Rahman Mosque • 15000 Good Hope Rd, Silver Spring, MD
www.ahmadiyya.us

تاریخ: 07-29-2026

سرکلر: حصہ جائیداد کی بابت رہنمائی اور اہم ہدایات

معزز موصیان کرام! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ سے کامل امید ہے کہ آپ بفضل تعالیٰ بخیریت ہوں گے۔

مکرم و محترم وکیل المال ثانی صاحب ربوہ کی طرف سے ایک سرکلر موصول ہوا ہے۔ جس میں موصیان کو اپنے حصہ جائیداد کی ذمہ داری کی طرف توجہ دلاتے ہوئے تحریر فرمایا ہے کہ:

مکرمی محترم_____

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ تعالیٰ کا ہم پر خاص فضل اور احسان ہے کہ اس نے ہمیں نظام وصیت سے منسلک ہونے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ہمیشہ نظام وصیت کے تقاضوں کو پورا کرنے اور حضرت مسیح موعودؑ کی ان دعاؤں کا وارث بننے کی توفیق عطا فرمائے، جو آپؑ نے موصیان کے حق میں کی ہیں۔ آمین

رسالہ الوصیت میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کوئی جائیداد نہ رکھنے والے افراد جماعت کو صرف اس شرط پر نظام وصیت میں شامل ہونے کی اجازت عطا فرمائی تھی کہ وہ "جو احباب کوئی جائیداد نہیں رکھتے مگر آمدنی کی کوئی سبیل رکھتے ہیں وہ اپنی آمدنی کا کم از کم 10/1 حصہ ماہوار انجمن کے سپرد کریں گے۔۔۔ لیکن ان کو وصیت کرنی ہوگی کہ ان کے مرنے کے بعد ان کے متروکہ کی کم از کم 10/1 حصہ کی مالک صدر انجمن ہوگی"۔

دیکھا گیا ہے کہ بعد منظوری وصیت عموماً موصیان جو جائیداد بناتے ہیں وہ اپنی آمد سے بچت اور دیگر ذرائع یعنی ماں، باپ، بہن، بھائی یا کسی ذریعہ سے تحفہ، گریجوئٹی وغیرہ کی رقم ملنے پر ہی بناتے ہیں اور عموماً جائیداد کی خرید میں وہ پس انداز رقم بھی شامل ہوتی ہے جس پر حصہ آمد کی ادائیگی بھی کر چکے ہوتے ہیں۔ اس خیال سے حصہ جائیداد کی ادائیگی کی طرف توجہ نہیں کرتے کہ اس جائیداد کی خرید میں وہ رقم بھی شامل ہے، جس پر چندہ حصہ آمد ادا شدہ ہے۔ اس لئے ان کے خیال میں اب حصہ جائیداد کی ادائیگی واجب نہیں ہے۔

اس بارہ میں نہایت وضاحت ضروری ہے کہ یہ قاعدہ خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا بیان فرمودہ ہے جس پر کماحقہٗ عمل پیرا ہونا لازم ہے اور یہی وصیت کی اصل روح ہے۔ نیز یہ کہ وصیت فارم پُر کرتے ہوئے ہر وصیت کنندہ اس بات کا عہد کرتا ہے کہ:

"اس وقت مجھے مبلغ _____ روپے ماہوار/سالانہ بصورت _____ مل رہے ہیں اور مبلغ _____ روپے سالانہ آمد از جائیداد ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار/سالانہ آمد کا جو بھی ہوگی ___/1 حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ **اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس**

بسم اللہ الرحمن الرحیم

AHMADIYYA
MUSLIM COMMUNITY
United States of America

Wasaya Department
Ph: (301) 879-0110, Fax: (301) 879-0115
Email: national.wasiyyat@ahmadiyya.us

National Headquarters: Baitur Rahman Mosque • 15000 Good Hope Rd, Silver Spring, MD
www.ahmadiyya.us

کارپرداز کو دیتا رہوں گا/دیتی رہوں گی۔اور اس پر بھی یہ وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتا ہوں/کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر/منظوری وصیت سے نافذ کی جائے"۔

براہ کرم اس بنیادی ہدایت کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے تمام موصیان کی راہنمائی فرمائیں کہ؛

1. ایسی روٹین کی نقد بچت جو موصیان نے چندہ حصہ آمد کی ادائیگی کرنے کے بعد کی ہو، اس نقد بچت کو جب بھی کسی جائیداد/زیور کی صورت میں منتقل کیا جائے گا یا منظوری وصیت کے بعد جب بھی کوئی جائیداد بنائی جائے گی، تو اس نئی جائیداد پر بھی حصہ جائیداد کی ادائیگی واجب ہوتی ہے۔
2. وہ موصیان جو اپنی ایسی جائیداد جس پر حصہ جائیداد کی ادائیگی کر کے سرٹیفیکیٹ حاصل کر چکے ہوں تو؛

I. اگر اس جائیداد کو فروخت کرتے ہیں تو اس رقم پر کوئی چندہ حصہ آمد/حصہ جائیداد واجب نہیں ہے۔

II. بعد ادائیگی حصہ جائیداد اگر فروخت کر کے اس قدر رقم سے ہی نئی جائیداد خریدی جائے تو وہ نئی جائیداد پہلی جائیداد کے متبادل شمار ہو گی اور اس پر بھی حصہ جائیداد واجب نہیں ہو گا۔ تاہم اطلاع دینا ضروری ہے۔

III. اگر نئی جائیداد پرانی جائیداد کی فروخت شدہ رقم سے کم قیمت میں خریدیں گے تو بچ جانے والی رقم (منافع) پر حصہ آمد ادا کرنا واجب نہیں ہو گا (سوائے کاروبار کی کیفیت میں۔ جائیداد کی خرید و فروخت کے کاروبار میں منافع پر حصہ آمد ادا کرنا ضروری ہے)۔

IV. اگر بعد ادائیگی حصہ جائیداد کوئی جائیداد فروخت کر کے اس سے زائد مالیت کی جائیداد خرید کی گئی ہے۔ ان کی صرف اسی قدر رقم نئی جائیداد کے حصہ جائیداد سے منہا شمار ہو گی جتنی ان کو پہلی جائیداد کی فروخت سے حاصل ہوئی ہو۔ اگر وہ نئی جائیداد کی خرید میں مزید رقم شامل کریں گے تو اس زائد رقم پر حصہ جائیداد کی ادائیگی واجب ہو گی۔

تمام موصیان کرام سے گزارش ہے کہ حصہ جائیداد کے حوالے سے مرکز کی طرف موصول ہونے والی ان اہم ہدایات کو مد نظر رکھیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو نظام وصیت کی تمام شرائط پر کماحقہٗ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام، خاکسار

بلال احمد راجہ
نیشنل سیکرٹری وصایا امریکہ

بسم الله الرحمن الرحيم

AHMADIYYA
MUSLIM COMMUNITY
United States of America

Wasaya Department
Ph: (301) 879-0110, Fax: (301) 879-0115
Email: national.wasiyyat@ahmadiyya.us

National Headquarters: Baitur Rahman Mosque • 15000 Good Hope Rd, Silver Spring, MD www.ahmadiyya.us

Date: 07-29-2026

Circular: Guidance and Important Instructions Regarding the Hissa Jaidad (Property Share)

Respected Musian,
Assalamu Alaikum wa Rahmatullahi wa Barakatuhu,

I pray to Allah the Almighty that, by His grace, you are in good health and well-being.

A circular has been received from the respected Wakīl-ul-Māl II, Rabwah, drawing attention to the responsibility of Musian regarding Hissa Jaidad (property share). He writes:

Respected _____

Assalamu Alaikum wa Rahmatullahi wa Barakatuhu,

It is a great blessing and a special favor of Allah Almighty that He has granted us the opportunity to be part of the blessed institution of Wasiyyat. We pray that Allah Almighty continually enable us to fulfill the obligations and responsibilities of the Nizam-e-Wasiyyat and make us worthy inheritors of the prayers that the Promised Messiah (as) offered for the Musian. Ameen.

In Al-Wasiyyat, the Promised Messiah (peace be upon him) permitted members of the Jama'at who owned no property to join the blessed system of Wasiyyat only on the condition that: "Those friends who do not own any property but have a source of income shall contribute at least one-tenth (1/10) of their monthly income to the Anjuman. ... However, they must make a will stipulating that, after their death, the Sadr Anjuman shall become the owner of at least one-tenth (1/10) of their estate."

It has been observed that, after their Wasiyyat is approved, Musian generally acquire property through savings accumulated from their income or through other sources, such as gifts or financial assistance received from parents, siblings, or others, as well as gratuity payments and similar receipts. In most cases, the purchase price of the property includes savings on which they have already paid the prescribed contribution on income (*Hissa Aamad*). As a result, they often do not pay attention to the obligation of contributing the prescribed share on property (*Hissa Jaidad*), believing that since the property was purchased partly with funds on which *Hissa Aamad* had already been paid, no further payment of *Hissa Jaidad* is required.

In this regard, it is essential to clarify that this rule was stated by the Promised Messiah (peace be upon him) himself, and it is obligatory to follow it in its true spirit. This is, in fact, the very essence of the Will (Wasiyyat). Furthermore, while completing the Wasiyyat form, every person making the Will undertakes the following pledge:

"At present, I receive an amount of _____ per month/per year in the form of _____, and an amount of _____ per year as income from property. Throughout my lifetime, I shall contribute **1/__** of my monthly/annual income, whatever it may be, to the treasury of *Sadr Anjuman Ahmadiyya Pakistan,*

بسم الله الرحمن الرحيم

AHMADIYYA
MUSLIM COMMUNITY
United States of America

Wasaya Department
Ph: (301) 879-0110, Fax: (301) 879-0115
Email: national.wasiyyat@ahmadiyya.us

National Headquarters: Baitur Rahman Mosque • 15000 Good Hope Rd, Silver Spring, MD www.ahmadiyya.us

Rabwah. **If I subsequently acquire any additional property or source of income, I shall continue to inform the *Majlis Karpardaz* of it, and this Wasiyyat shall also apply to that property or income.**

I further declare that, throughout my lifetime, I shall pay the prescribed share of the income from my property, calculated according to the rate of *Chanda Aam*, in accordance with the rules of *Sadr Anjuman Ahmadiyya Pakistan, Rabwah*. This Wasiyyat shall take effect from the date it is written/approved."

Considering this fundamental guidance, please instruct all Musian that:

1. Any routine cash savings that a Musi accumulates after paying Hissa Amad (the income share), whenever those cash savings are converted into the form of property or jewelry, or whenever any property is acquired after the approval of Wasiyyat, Hissa Jaidad (the property share) becomes payable on that newly acquired property as well.

2. Those Musian who have already paid Hissa Jaidad on a property and have obtained the corresponding certificate:

    i. If they sell that property, no Hissa Amad or Hissa Jaidad is s payable on the sale proceeds.

    ii. If, after paying Hissa Jaidad, they sell that property and purchase a new property using the same amount of money, the new property will be regarded as a replacement for the previous property, and Hissa Jaidad will not be payable on the new property either. However, it is necessary to inform the office.

    iii. If the new property is purchased for less than the amount received from the sale of the previous property, then Hissa Aamad is not payable on the remaining amount (profit), except in the case of a business**.** If buying and selling property is carried out as a business, then Hissa Aamad must be paid on the profit.

    iv. If, after paying Hissa Jaidad, a property is sold and a new property of higher value is purchased, then only the amount that was received from the sale of the previous property will be treated as exempt from Hissa Jaidad on the new property. If additional funds are contributed toward the purchase of the new property, Hissa Jaidad will be payable on that additional amount.

All Musian are requested to take note of these important instructions received from the Markaz regarding Hissa Jaidad. May Allah the Almighty enable all of us to faithfully and fully comply with all the requirements of the *Nizam-e-Wasiyyat*. Ameen.

Wassalam, Khaksaar

Bilal Ahmad Raja

National Secretary Wasaya USA